انٹرلوپ لمیٹڈ
عبوری ڈیویڈنڈ کی ادائیگی

INTERLOOP

کمپنی کے حصص داران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ 31 دسمبر 2021 کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی سال کے لیے عبوری منافع نقسمہ 2 روپیہ فی حصص یعنی 20 فیصد کی شرح سے ان حصص داران کے مہیا کردہ بینک اکاونٹس میں براہ راست الیکٹرانک ذرائع سے 17 فروری 2022 کو جمع کروادیا گیا ہے جنہوں نے اپنے مؤثر قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی کاپی اور اپنے انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این) کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کردیئے تھے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے شق 242 اور بعد ازاں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ ایس آر او 2017 (I)1145 کی تکمیل کرتے ہوئے کمپنی نے ان تمام حصص داران کے منافع منقسمہ کی ادائیگی روک دی ہے جنہوں نے ابھی تک اپنے مؤثر سی این آئی سی کی کاپی اور آئی بی اے این کمپنی کو فراہم نہیں کیے۔ لہذا تمام حصص داران کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ اپنے منافع منقسمہ کے حصول کے لئے جلد از جلد اپنے شفاف اور مؤثر سی این آئی سی کی کاپی اور بینک اکاؤنٹ بمعہ آئی بی اے این کی مکمل تفصیلات کے ساتھ کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں۔

حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ منافع منقسمہ سے متعلق معلومات اور تفصیلات برائے ادا شدہ، روکے گئے منافع منقسمہ اور ٹیکس کٹوتی کی رپورٹ حاصل کرنے کیلئے خود کو سی ڈی سی کی ای۔ سروس سہولت مرکزی کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (سی سی ڈی آر) پر بذریعہ
http://eservices.cdcaccess.com.pk رجسٹر کروائیں۔ مزید براں مذکورہ رپورٹ کی کاپی حصص داران کو ان کے رجسٹرڈ ای۔ میل ایڈریس پر موصول ہوجائے گی۔

اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی معلومات کے لئے ہمارے شیئر رجسٹرار سے درج ذیل پتہ پر رابطہ کریں:
سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروس لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، ایس ایم سی ایچ ایس،
مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400

INTERLOOP LIMITED
Faisalabad

رانا علی رضا
کمپنی سیکریٹری

فیصل آباد
18 فروری، 2022